اَلۡاِنۡشِقَاق

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِذَا السَّمَآءُ انۡشَقَّتۡ ۙ ﴿۱﴾	جب آسمان پھٹ جائے گا۔
وَ اَذِنَتۡ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتۡ ۙ ﴿۲﴾	اور سن لے گا اپنے رب کا فرمان اور یہی اسکے لائق بھی ہے۔
وَ اِذَا الۡاَرۡضُ مُدَّتۡ ؕ ﴿۳﴾	اور جب زمین ہموار کر دی جائے گی۔
وَ اَلۡقَتۡ مَا فِیۡهَا وَ تَخَلَّتۡ ۙ ﴿۴﴾	اور نکال کر باہر ڈالدے گی جو کچھ اس میں ہے اور وہ بالکل خالی ہو جائے گی۔
وَ اَذِنَتۡ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتۡ ؕ ﴿۵﴾	اور ارشاد کی تعمیل کرے گی اپنے رب کے اور اسکو لازم بھی یہی ہے۔
یٰۤاَیُّهَا الۡاِنۡسَانُ اِنَّکَ کَادِحٌ اِلٰی	اے انسان بیشک تجھے تکلیف اٹھانا ہے

رَبِّكَ كَدۡحًا فَمُلٰقِيۡهِ ۚ﴿۶﴾	اپنے رب کی طرف (پہنچنے میں) خوب تکلیف۔ پھر تو اس سے جا ملے گا۔
فَاَمَّا مَنۡ اُوۡتِىَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيۡنِهٖ ۙ﴿۷﴾	پس جس کو دیا جائے گا اس کا نامہ اعمال اس کے داہنے ہاتھ میں۔
فَسَوۡفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيۡرًا ۙ﴿۸﴾	پس لیا جائے گا اس سے حساب آسان۔
وَّيَنۡقَلِبُ اِلٰٓى اَهۡلِهٖ مَسۡرُوۡرًا ؕ﴿۹﴾	اور وہ واپس آئے گا اپنے گھر والوں میں خوش خوش۔
وَاَمَّا مَنۡ اُوۡتِىَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهۡرِهٖ ۙ﴿۱۰﴾	اور یہ کہ جس کو دیا جائے گا اس کا نامہ اعمال اسکی پیٹھ کے پیچھے سے۔
فَسَوۡفَ يَدۡعُوۡا ثُبُوۡرًا ۙ﴿۱۱﴾	تو وہ پکارے گا موت کو۔
وَّيَصۡلٰى سَعِيۡرًا ؕ﴿۱۲﴾	اور داخل ہو گا دوزخ میں۔
اِنَّهٗ كَانَ فِىۡۤ اَهۡلِهٖ مَسۡرُوۡرًا ؕ﴿۱۳﴾	بیشک وہ رہتا تھا اپنے اہل و عیال ہی میں مگن۔
اِنَّهٗ ظَنَّ اَنۡ لَّنۡ يَّحُوۡرَ ۛۚ﴿۱۴﴾	بیشک وہ تو خیال کرتا تھا کہ ہرگز نہیں لوٹنا۔

بَلٰیٓ ۚ اِنَّ رَبَّهٗ كَانَ بِهٖ بَصِيْرًا ؕ ﴿۱۵﴾	کیوں نہیں بیشک اسکا رب اسکو دیکھ رہا تھا۔
فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ۙ ﴿۱۶﴾	پس نہیں میں قسم کھاتا ہوں شام کی سرخی کی۔
وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ۙ ﴿۱۷﴾	اور رات کی اور ان کی جن چیزوں کو وہ اکٹھا کر لیتی ہے۔
وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ ۙ ﴿۱۸﴾	اور چاند کی جب وہ پورا ہو جائے۔
لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ؕ ﴿۱۹﴾	کہ تم لوگ ضرور چڑھو گے درجہ بدرجہ۔
فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۙ ﴿۲۰﴾	تو کیا ہوا ان لوگوں کو کہ نہیں یہ ایمان لاتے۔
وَاِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ ؕ۩ ﴿۲۱﴾	اور جب پڑھا جاتا ہے انکے سامنے قرآن تو نہیں سجدہ کرتے۔ (آیت سجدہ)
بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُكَذِّبُوْنَ ۖ ﴿۲۲﴾	بلکہ وہ جنہوں نے کفر کیا جھٹلائے جاتے ہیں۔
وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُوْعُوْنَ ۖ ﴿۲۳﴾	اور اللہ خوب جانتا ہے اسکو جو یہ اپنے دلوں میں چھپاتے ہیں۔
فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۙ ﴿۲۴﴾	تو انکو خبر سنا دو دکھ دینے والے عذاب کی۔

اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ﴿۲۵﴾	ہاں مگر جو لوگ ایمان لائے اور کرتے رہے نیک عمل ان کے لئے اجر ہے بے انتہا۔